AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 12 October 2026
Time : 07:40 / PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ [۱] ۔۔۔۔۔ترقیاتی عمل کے ساتھ ساتھ ماحولیات کا تحفظ یقینی بنانے پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا زور//سرینگر میں پائیدار پہاڑی ترقی سے متعلق سمٹ کا کیا افتتاح۔

✓ [۲] ۔۔۔۔۔اسمبلی کے سپیکر نے موسم سرما سے قبل تعمیراتی عمل کو مزید رفتار دینے پر دیا زور//متعلقین کو ترقیاتی کاموں کا معیار برقرار رکھنے کی بھی ہدایت۔

✓ [۳] ۔۔۔۔۔سپریم کورٹ کے دروازے انصاف کی فراہمی کیلئے ہر کسی کیلئے کھلے//ہر عرضی قبول کی جائے گی//چیف جسٹس۔

اور

✓ [۴] ۔۔۔۔۔آبدوز شکن جنگی جہاز **INS** منگرول بحری بیڑے میں شامل۔

CM

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے ترقیاتی عمل کے ساتھ ساتھ ماحولیات کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ زراعت، باغبانی، بنیادی ڈھانچے اور سیاحت جیسے اہم شعبوں میں ترقی کیلئے پائیدار طریقہ کار اختیار کرنا ناگزیر ہے۔وہ آج شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر، اور انٹیگریٹڈ ماؤنٹین Initiative کے باہمی اشتراک سے جموں وکشمیر میں پائیدار پہاڑی ترقی سے متعلق منعقدہ سمٹ کا افتتاح کرنے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ پہاڑی ماحولیاتی نظام کا تحفظ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل، معاشی خوشحالی اور مقامی آبادی کے روزگار کے تحفظ کیلئے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔اس موقع پر وزیرِ زراعت جاوید ڈار اور وزیرِ اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

سپیکر

اسمبلی کے اسپیکر اور ایم ایل اے چرار شریف عبد الرحیم راتھر نے آج حلقہ انتخاب چرار شریف میں جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو جاری منصوبوں کی رفتار تیز کرنے اور مقررہ مدت میں معیاری کام مکمل کرنے کی ہدایت دی۔سپیکر موصوف نے سڑکوں کی میکڈ مائزیشن میں تاخیر پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ موسم سرما کی آمد کے پیش نظر دستیاب وقت میں کام مکمل کیا جائے۔انہوں نے زیر التوا ٹینڈرنگ اور کاموں کی الاٹمنٹ کا عمل تیز کرنے، محکموں کے درمیان بہتر تال میل اور ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی پر بھی زور دیا۔اس موقعے پر محکمہ تعمیرات عامہ اور دیہی ترقی کے افسران بھی موجود تھے۔

اسمبلی

جموں وکشمیر اسمبلی کی قانون سازی سے متعلق ذیلی کمیٹی کی ایک میٹنگ آج چیئرمین مظفر اقبال خان کی صدارت میں منعقد ہوئی، جس دوران صحت اور طبی تعلیم محکمے کیلئے بھرتی ضوابط اور دیگر متعلقہ امور کو مرتب کرنے اور انہیں حتمی شکل دینے کے سلسلے میں پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔میٹنگ میں کمیٹی کے ارکان ہلال اکبر لون، ڈاکٹر بشیر احمد ویری، بھرت بھوشن، شیخ خورشید اور پیرزادہ فیروز احمد نے شرکت کی۔

سکینہ ایتو

صحت،تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے خواتین آنٹر پرینوروں کو بااختیار بنانے کیلئے جوابدہی ، فعالیت اور مؤثریت پر زور دیا ہے۔وہ آج سرینگر میں جموں وکشمیر ویمنز ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی **31** ویں میٹنگ میں اظہار خیال کررہی تھیں۔انہوں نے اس سلسلے میں تمام متعلقین کے درمیان قریبی تال میل مضبوط کرنے اورادارہ جاتی طریقہ کارنیز ضوابط میں سدھارلانے کی ضرورت اجاگر کی۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کا شعبہ صحافت **15** اکتوبر کو قومی سطح کا ایک فلمی میلہ منعقد کررہا ہے۔یونیورسٹی کے لل دید آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والے اس فیسٹول کے دوران مختصر اور دستاویزی فلموں کی سکریننگ کے علاوہ پینل مباحثوں کا اہتمام ہے جبکہ معروف فلم ساز اسکول، کالج اور یونیورسٹی طالب علموں کے درمیان بہترین فلم مقابلے کیلئے ایوارڈ بھی دیں گے۔اس مقابلے کیلئے **20** سے زیادہ مختصر اور دستاویزی فلمیں شارٹ لسٹ کی گئی ہیں۔اسی دوران اسلامک یونیورسٹی میں آج وائس چانسلرس ایمپلائز کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا گیا۔ٹورنامنٹ کا اہتمام یونیورسٹی کے شعبہ کھیل کود نے کیا ہے۔

جن سیوا

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے **25** برس مکمل کئے ہیں۔ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے ان کے جذبے سے واضح ہوجاتی ہے۔اس عرصے کے دوران بھارت نے سیمی کنڈکٹر کے شعبے میں بھی نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے۔اس سلسلے میں ہماری خصوصی سیریز کے تحت سماعت کریں ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ۔

.......Report.........

سپریم کورٹ

چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے دروازے ملک کے ہر شہری کیلئے کھلے ہیں اور ہر ہندوستانی شہری کو عدالت سے رجوع کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ عام شہری ہو یا کسی منتخب ادارے کا رکن، ہر کسی کی عرضی قبول کی جائے گی۔ عدالت، قانون کے مطابق متعلقہ فریق کی بات سنے گی اور مستحق افراد کو انصاف فراہم کرے گی۔ Indi اتحاد کی جانب سے ملاقات کی درخواست پر چیف جسٹس نے بتایا کہ انہیں گزشتہ روز ایک خط موصول ہوا تھا، جس کا جواب انہوں نے گزشتہ شب دیتے ہوئے ملاقات نہ کر پانے کی وجوہات واضح کیں۔

راہل گاندھی

اس دوران کانگریس لیڈر اور لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی نے کہا ہے کہ Indi اتحاد کے رہنما اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار کے خلاف عدالت عظمیٰ میں عرضی دائر کریں گے۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران راہل گاندھی نے کہا کہ انہوں نے اور کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے نے چیف جسٹس کو لکھے ایک مکتوب میں انتخابات کی مبینہ دھاندلیوں پر تشویش ظاہر کی ہے۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

منگرول

بھارتی بحریہ نے ممبئی کے Navel ڈاک یارڈ سے آب دوز شکن جنگی جہاز INS منگرول کو بحری بیڑے میں شامل کیا ہے۔ یہ کوچی شپ یارڈ لمیٹیڈ میں تیار کیا گیا اس نوعیت کا

تیسرا مقامی جنگی جہاز ہے۔اس کی شمولیت سے ساحلی اور کم گہرے سمندری علاقوں میں پتہ لگانے اور ان کا مقابلہ کرنے کی بحریہ کی صلاحیت مزید مضبوط ہوگی۔ یہ جہاز دیگر جنگی جہازوں، ہیلی کاپٹروں اور سمندری گشتی طیاروں کے ساتھ مل کر آبدوزوں کے خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

چارج

سینئر **IAS** آفیسر ڈاکٹر بشارت قیوم نے آج **SMC** کے کمشنر اور سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے **CEO** کے عہدے کا چارج سنبھالا۔اسی دوران ایک اور **IAS** آفیسر جتن کشور نے ڈپٹی کمشنر بڈگام **KK** سِدھا نے ڈپٹی کمشنر پلوامہ، شریا سنگھل نے ڈپٹی کمشنر گاندربل اور ممتا یادو نے ڈائریکٹر انفارمیشن کی حیثیت سے اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالیں۔

موٹر سائکل

جموں وکشمیر پولیس، سی آر پی ایف اور آرمڈ پولیس نے اننت ناگ میں آج لداخ پولیس کے اُس موٹر سائکل دستے کا والہانہ استقبال کیا، جو سردار ولبھ بھائی پٹیل کی **150** ویں سالگرہ کے سلسلے میں **21** روز تک ملک کی مختلف ریاستوں میں اپنا سفر جاری رکھے گا۔ پولیس کا یہ دستہ نہ صرف قومی اتحاد ،سالمیت اور ملک کی یکجہتی میں مردِ آہن کے کردار کی یاد دہانی کراتا ہے بلکہ یہ عوام بالخصوص نوجوانوں کو منشیات کی لت سے دور رہنے کے پیغام کے ساتھ پیش قدمی کر رہا ہے۔

نوراتری

9 دنوں پر مشتمل نوراتری کا تہوار جاری ہے۔ان دنوں مندروں خاص طور سے شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن کٹڑا میں خصوصی پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔استھاپن پر ملک کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شردھالو بھاری تعداد میں حاضری دے رہے ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے پرارتھنا کی ہے کہ یہ پوتر تہوار ملک کیلئے خوشحالی اور امن و استحکام

کی نوید لیکر آئے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی نوترا کے موقعے پر جموں وکشمیر کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے پرارتھنا کی ہے کہ یہ تہوار ہم سے سب کیلئے خوشحالی اور امن وسکون کا باعث بنیں۔

ماتاویشنودیوی

ادھر کٹرا میں شری ماتا ویشنو دیوی مندر میں شردیہ نوراتری کے پہلے روز اب تک 47 ہزار 346 شردھالوؤں نے حاضری دی ہے۔ ترکوٹہ پہاڑیوں پر واقع اس مندر میں شردھالوؤں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ 9 روزہ مذہبی تہوار کے آغاز کے ساتھ ہی کٹرا میں واقع بیس کیمپ میں شردھالوؤں کی بڑی تعداد پہنچ رہی ہے۔

PDP

پی ڈی پی صدر اور جموں وکشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے پارٹی کی وسطی کشمیر اور شمالی کشمیر کی قیادت کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے تنظیمی انتخابات کے بعد پارٹی کی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں پی ڈی پی کے جنرل سیکرٹری غلام نبی لون ہانجورہ کے علاوہ سینئر لیڈران ایڈوکیٹ عبدالحق خان، محمد خورشید عالم، انجم فاضلی اور میر محمد فیاض بھی موجود تھے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صوبائی نائب صدر کشمیر اور ایم ایل اے حضرتبل سلمان علی ساگر نے عوامی اہمیت کے حامل ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ضرورت اجاگر کی ہے۔ وہ حلقہ انتخاب حضرتبل کے پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس میں بول رہے تھے۔ اسی دوران نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے جڈی بل تنویر صادق نے آج شہر خاص کے کئی علاقوں کا تفصیلی دورہ کرکے وہاں تعمیر وترقی کے کئی پروجیکٹوں کا جائزہ لیا اور مقامی لوگوں کے مسائل کی سماعت کی۔

BJP

پردیش بی جے پی کے ترجمان اعلیٰ سنیل سیٹھی نے **Indi-Alliance** کے سیاسی اپروچ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتحاد کی مخاصمانہ سیاست قومی مفاد، داخلی استحکام اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کو زک پہنچا رہی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سرکار کی مخالفت کرنا، اس کی پالیسیوں پر سوال اٹھانا اور پُرامن احتجاج اگرچہ ہر پارٹی کا جمہوری حق ہے، تاہم سیاسی مخالفت اور جمہوری اداروں میں عوامی اتحاد کو ٹھیس پہنچانے والی سیاست ملک کے مفاد میں نہیں ہے۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹیڈ کی سٹیٹ ایگزیکٹیو کمیٹی کی ایک میٹنگ سرینگر میں پارٹی کے پردیش صدر جی ایم شاہین کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران پارٹی کو زمینی سطح پر مضبوط بنانے اور پارٹی سرگرمیوں کو وسعت دینے پر غور وخوض کیا گیا۔ اس موقعے پر جی ایم شاہین نے پارٹی ورکروں پر زور دیا کہ وہ بوتھ لیول پر منظم سرگرمیاں انجام دے کر پارٹی کو مضبوط بنائیں۔

فوت

نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر سردار ہربنس سنگھ جموں میں فوت ہوئے ہیں۔ وہ **84** برس کے تھے۔ اُن کی آخری رسومات آج شاستری نگر جموں میں انجام دی گئیں۔ آنجہانی **1996** سے **2002** تک فاروق عبداللہ کی حکومت میں کابینی وزیر رہے ہیں۔ کئی سیاسی اور سماجی لیڈروں نے ان کے فوت ہونے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سردار ہربنس سنگھ کے فوت ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے آنجہانی کے فوت ہونے کو ایک بہت بڑا نقصان قرار دیا ہے۔ تعزیت کرنے والوں میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر اور دیگر کئی شخصیات نے ان کے فوت ہونے پر سوگواران کے ساتھ تعزیت کی۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت گذشتہ چند برسوں سے دفاع سمیت تمام شعبوں میں خود انحصاری اور جدید کاری پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔اس میں ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی سے لے کر لباس، سازوسامان اور تربیت تک تمام پہلو شامل ہیں۔آج نئی دلی میں بھارتی فوج اور فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کے درمیان مفاہمت نامے پر دستخط کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ہندوستان اب اپنی دفاعی ضروریات کا ایک بڑا حصہ ملک میں ہی تیار کر رہا ہے۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سفارت کاری میں مختلف معاشروں اور بدلتے رجحانات کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ علاقائی معاملات پر خصوصی توجہ دینے کی اہمیت اجاگر کی ہے۔ Indian Foreign سروس 2011 بیچ کے افسران سے ملاقات کے دوران انہوں نے افسران کو مستقبل کی بڑی ذمہ داریاں سنبھالنے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9.7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 34 منٹ اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 59 منٹ پر ہوگا۔

closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔